فوری ریلیز کے لیے: 11/1/2023 گورنر ***KATHY HOCHUL***

***گورنر HOCHUL کی جانب سے ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں واقع سا مِل ریور پارک وے پر 38$ ملین لاگت کے پُل کی تبدیلی کے پروجیکٹ کی تکمیل کا اعلان***

***پلیزینٹ ویل میں 26 اور 28 کے خارجی راستوں کے درمیان دو نئے پُلوں سے شدید موسمی صورتِ حالوں کے دوران لچک پذیری میں بہتری آئے گی***

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا ہے کہ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے پلیزینٹ ویل گاؤں میں سا مِل ریور پارک وے کو سا مِل دریا پر سے گزارنے والے دو نئے پُلوں کی تعمیر کا ایک بڑا حصہ مکمل ہو گیا ہے۔ پارک وے پر 26 اور 28 خارجی راستوں کے درمیان واقع، نئے پُلوں اور دو ساختوں سے ملحقہ سڑک کا 1.3 میل طویل نیا مستحکم کردہ حصہ اہم آمدورفتی راستے کی حفاظت کو فروغ دینے کے ساتھ اس کی لچک پذیری کو بہتر بنائے گا، اور یہ راستہ گورنر Mario M. Cuomo پُل اور ریاست نیو یارک کی اس بےروک گزرگاہ تک رسائی فراہم کرتا ہے جس پر موسلادھار بارشوں کے دوران سیلابی پانی امڈ آتا ہے۔ مذکورہ تعمیراتی کام جس کی لاگت تقریباً 38$ ملین ہے، 115$ ملین لاگت کے جاری پروجیکٹ کے حصے کے طور پر مکمل کیا گیا تھا تاکہ لوور ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی میں متعدد پُلوں کی تبدیلی یا تعمیرِنو کی جا سکے، نیز ان کا مقصد شدید موسمی صورتِ حالوں کا مقابلہ کرنا اور اس مصروف راہداری میں سفر کو بہتر بنانا ہے۔

"ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے مسافر سا مِل ریور پارک وے کی شدید طوفانی بارشوں کے دوران سیلابی پانی امڈ آنے اور اس کے سبب ہونے والی سفری مشکلات کی تاریخ سے مکمل طور پر آگاہ ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "ان دو نئے پُلوں کی تکمیل کے ذریعے، ہم سا مِل کی تاریخ میں ایک نیا باب رقم کر رہے ہیں - اور شدید موسمی صورت حال کا مقابلہ کرنے کے لیے اسے مزید لچک پذیر بنا رہے ہیں، ساتھ ہی ساتھ آئندہ کئی دہائیوں تک اس اہم سفری راستے کو مستحکم بھی بنا رہے ہیں۔"

2020 کے موسمِ گرما میں آغاز کردہ، اس پروجیکٹ میں 1930 میں قائم کردہ دو پُلوں کو جدید، یک سلسلہ جاتی، فولاد سے بنے بڑے پُلوں میں تبدیل کرنے کا کام انجام دیا گیا، جو کہ اصل ساختوں سے کئی فٹ بلند ہیں اور سیلابوں کا بہتر طور پر مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ملحقہ سڑک، جس کی سطح بیٹھ جاتی تھی، اسے تقریباً 5000 لکڑی کے ستونوں کے ذریعے مستحکم بنایا گیا جن سے ایک مزید ٹھوس زمینی تہہ بنائی گئی۔ سیلابی پانی کو بہاؤ کا راستہ دینے کے لیے نئے، اعلیٰ صلاحیت کے حامل نکاسئ آب کے سسٹمز کو بھی شامل کیا گیا۔ دورانِ تعمیر، اصل پُلوں سے ایسفالٹ نکال کر اسے ری سائیکل کیا گیا اور نئے پُلوں کی سطح پر اسے استعمال کیا گیا، نیز اس کے حسن میں اضافے اور خوشنما منظر کی حفاظت میں مدد دینے کے لیے مقامی سبزہ جاتی انواع لگائے گئے۔

بطور [لوئر ویسٹ چیسٹر بریج بنڈل کا حصہ]، ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمدورفت ( Department of Transportation) نے پیلہام گاؤں اور ماؤنٹ ورنون شہر میں ہچنسن ریور پارک وے اور ہچنسن دریا پر واقع ایسٹ لنکن ایوینیو کے پُل کو بھی تبدیل کیا، جبکہ میمارونیک میں واقع میمارونیک دریا پر U.S. روٹ 1 کے پُل کی تبدیلی کے عمل میں بھی پیش رفت جاری ہے۔ سیلابی تباہ کاریوں کے شکار نکاسئ آب کے نظاموں کی اصلاحات اور سڑکوں کی تعمیرِنو پر توجہ مرکوز کیے ہوئے یہ پروجیکٹس، حفاظتی عمل کو بہتر بنانے کے ساتھ طوفان کے

واقعات کے دوران خطے کی لچک پذیری کو بہتر بنائیں گے۔ 2023 کے اختتام تک پورے پروجیکٹ کی تکمیل کی توقع کی جاتی ہے۔

**ریاستی محکمۂ آمدورفت کی کمشنر Marie Therese Dominguez نے کہا،** "گورنر Hochul کسی کمیونٹی کی فلاح و بہبود کے فروغ میں بنیادی ڈھانچے کے کردار، نیز اس بات کی اہمیت کو سمجھتی ہیں کہ موسمی تبدیلی کے باعث ہمیشہ سے لاحق خطرے کا مقابلہ کرنے کے لیے ہماری جانب سے اس کی دوبارہ بہتر تعمیر کس قدر ضروری ہے۔ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے اندر اس جیسی سٹریٹیجک سرمایہ کاریوں کے ذریعے اپنے آمدورفتی نیٹ ورک کی لچک پذیری میں اضافہ کر کے، شدید موسمی اثرات سے قطع نظر، ہم لوگوں اور سامان کی نقل و حمل کو رواں دواں رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔"

**ریاستی سینیٹر Jamaal Bailey نے کہا،** "ترقی پذیر کمیونٹیز کی تعمیر کے لیے لچک پذیر آمدورفتی نیٹ ورکس ناگزیر ہیں۔ ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی کے لیے سا مِل ریور پارک وے پر پُلوں کی تبدیلی کے پروجیکٹ کی تکمیل ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتی ہے۔ ویسٹ چیسٹر بھر میں پُلوں کی تعمیرِنو کے جاری پروجیکٹس کے علاوہ، یہ پروجیکٹ، دہائیوں پر محیط سیلابی تباہ کاریوں اور نکاسئ آب کے ان مسائل کو حل کرنے میں مدد دے گا جو کہ عرصۂ دراز سے مسافروں کے لیے مشکل بنے ہوئے ہیں، نیز یہ ہمارے آمدورفتی بنیادی ڈھانچے کو مسافروں کے لیے بہتر لچک پذیری و حفاظت کے ایک نئے دور میں داخل کرے گا۔ میں اس پروجیکٹ کی کامیاب تکمیل کے لیے گورنر Kathy Hochul، ریاست نیو یارک کے محکمۂ آمدورفت اور اپنے ریاستی اور کاؤنٹی شراکت داران کے عزم پر ان کا شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔"

**ریاستی سینیٹر Shelley Mayer کا کہنا تھا کہ،** "مجھے آج کے اس اعلان کی نہایت خوشی ہے کہ گورنر کا سا مِل ریور پارک وے پر پُلوں کی تبدیلی کا پروجیکٹ پایۂ تکمیل کو پہنچ چکا ہے اور میمارونیک گاؤں کے اندر میرے ڈسٹرکٹ میں US روٹ 1 پُل کو اپ گریڈ کرنے پر اب کام جاری ہے۔ تمام تر کمیونٹیز میں حفاظت و سیلابی لچک پذیری ہماری اوّلین ترجیحات ہیں، اور بڑھتے ہوئے سیلابوں کے حقیقی مسئلے سے نمٹنے کے لیے ہمارے پُلوں اور سڑکوں کو اپ گریڈ کرنے کی ضرورت ہے۔ میں گورنر Hochul اور محکمۂ آمدورفت کی جانب سے تمام ویسٹ چیسٹر میں ان اصلاحات کے لیے سرمایہ کاریوں پر ان کی معترف ہوں، جہاں سڑکوں پر سیلابی پانی امڈ آنے کا مستقل مسئلہ رہتا ہے۔ میں کمشنر اور نیو یارک کے ریاستی محکمۂ آمدورفت کے عملے سمیت ہر اس شخص کی شکرگزار ہوں جنہوں نے ان پروجیکٹس میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے کوششیں کیں تاکہ ویسٹ چیسٹر اور نیو یارک کے رہائشیوں کے لیے ان پُلوں کے محفوظ اور لچک پذیر ہونے کو یقینی بنایا جا سکے۔"

**رکن اسمبلی MaryJane Shimsky نے کہا،** "پُل کی تبدیلی کے پروجیکٹ کی تکمیل کے ذریعے، ریاست نیو یارک نے تاریخی طور پر سیلابی تباہ کاریوں کے شکار سا مِل ریور پارک وے کے حصے کو محفوظ بنایا ہے، تاکہ پلیزینٹ ویل کے رہائشیوں اور اس علاقے سے گزرنے والے تمام افراد کی مدد کی جا سکے۔ پارک وے کو استعمال کرنے والوں اور علاقے کے رہائشیوں کے لیے تعمیراتی کام طویل اور دشوار تھا، تاہم نئے پُل اور نئی مستحکم کردہ سڑک کی سطح ان کے معمولاتِ زندگی کو آسان تر بنا دے گی۔ یہ پروجیکٹ اس نوعیت کی سرمایہ کاریوں کی ایک شاندار مثال ہے جن پر عمل درآمد کو ہمیں جاری رکھنا چاہیئے، تاکہ ہم اپنے بنیادی ڈھانچے کی اس نہج پر تعمیرِنو کر سکیں جس سے یہ موسمی لحاظ سے لچک پذیر اور ماحولیاتی طور پر موافق ہو۔ میں گورنر Hochul کی انتظامیہ اور محکمۂ آمدورفت کی معترف ہوں جو میرے ڈسٹرکٹ اور تمام خطے میں خستہ حال پُرانے بنیادی ڈھانچے کو اپ گریڈ کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔"

**رکن اسمبلی J. Gary Pretlow کا کہنا تھا کہ،** "گورنر Hochul تمام افراد کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کی خاطر ہماری ریاست میں اہم مقامات پر بنیادی ڈھانچے کو بہتر بنانے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں۔ 89 ویں اسمبلی ڈسٹرکٹ کے رہائشی مختلف وجوہات کی بنا پر سا مِل ریور پارک وے کو استعمال کرتے ہیں۔ مجھے خوشی ہے کہ ان سمیت نیو یارک کے تمام باشندگان کی حفاظت میں ان دو نئے پُلوں کی تکمیل کے ذریعے اضافہ کیا گیا ہے۔ 89 ویں A.D. کی جانب سے ہمارے ڈسٹرکٹ، ویسٹ چیسٹر، اور ریاست میں کیے گئے کام کو سراہا گیا ہے، اور ہم سب رواں سال مزید تعمیرات کے منتظر ہیں۔"

موٹر سواروں کو ترغیب دی جاتی ہے کہ وہ کام کے علاقوں میں رفتار کم کریں اور ذمہ داری سے گاڑی چلائیں۔ جس علاقے میں کام ہو رہا ہو وہاں تیز رفتاری کے جرمانے دوگنا ہو جاتے ہیں۔ ورک زون کے اندر تیزرفتاری کی دو یا زائد خلاف ورزیوں کے نتیجے میں کسی شخص کا ڈرائیونگ لائسنس معطل ہو سکتا ہے۔

تازہ ترین سفری معلومات کے لیے، 511 پر کال کریں، www.511NY.org ملاحظہ کریں یا مفت NY511 موبائل ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔ ریاست نیویارک کے محکمۂ نقل و حمل (DOT) کو ٹوئٹر پر فالو کریں: @NYSDOT اور @NYSDOTHV۔ NYSDOT جو فیس بُک پر یہاں تلاش کریں facebook.com/NYSDOT۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں